# 11-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔اعظم نریندر مودی نے سومناتھ مندر میں خصوصی پوجا کی ۔انہوں نے سومناتھ مندر کو مضبوط یقین اور روحانیت کا مرکز قرار دیا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے ساتھ چلنے کی اپیل کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

۳۔تو ملا نا گیشور راؤ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ خریف سیزن میں کھاد کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آنے پائے۔

اور

۴۔حیدرآباد محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں آج اور کل ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔

PM Somanath

سومناتھ امرت پاور کے موقع پر تہوار کے پہلے دن سومناتھ مندر میں وزیراعظم نریندر مودی نے خصوصی پوجا کی ۔اس دوران مندر میں منعقدہ مختلف پروگراموں میں وزیراعظم شخصی طور پر حاضر ہوئے۔مندر میں منعقدہ پروگراموں کے اختتام کے بعد وزیراعظم نریندر مودی نے جلسہ عام سے خطاب کیا۔اِس دوران انہوں نے سومناتھ مندر کی تاریخ، یہاں کی خصوصیات کے بارے میں تفصیلات پیش کیں۔انہوں نے کہا کہ سومناتھ مندر میں حاضری سے دل کو سکون ملتا ہے۔ تاریخی سومناتھ مندر تہذیب وثقافت کی مثال ہے۔ Sound Byte.

NSD

Asifabad Collector

کے ہریتا آصف آباد ضلع کلکٹر نے کہا ہے کہ سرکاری تعلیم کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ طالبات کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے مسلسل کوششیں کی جارہی ہیں۔ ریبینا منڈل کے گنگا پور کے جی بی وی میں اضافی جماعتی کمروں کی تعمیر کے لیے مقامی ایم ایل اے کے لکشمی کے ساتھ مل کر کلکٹر نے سنگِ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں بڑھتی ہوئی طلبہ کی تعداد کے مطابق سہولیات کو بہتر بنایا جارہا ہے۔ ضلع تعلیمی افسر للیتا نے ایک ہفتے تک جاری رہنے والے تعلیمی ہفتہ تقریبات کو کامیاب بنانے کی اپیل کی۔

PTC, Asifabad

CM – POCSO Case...

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی وزیر بنڈی سنجے کے بیٹے بھگیرتھ کے خلاف درج پوکسو کیس میں فوری تحقیقات شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وزیراعلیٰ نے ڈی جی پی سی وی آنند سے سوال کیا کہ 8 تاریخ کو شکایت موصول ہونے کے باوجود اب تک کارروائی کیوں نہیں کی گئی۔ ڈی جی پی نے جواب دیا کہ اس وقت وزیراعظم نریندر مودی کے دورے کے انتظامات میں عملہ مصروف تھا۔ اس موقع پر کیس کی تفصیلات بھی وزیراعلیٰ کو بتائی گئیں۔ ریونت ریڈی نے مکمل تحقیقات کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے کی ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ کی ہدایات کے بعد ڈی جی پی سی وی آنند نے کارروائی شروع کردی۔ بھگیرتھ کیس کی نگرانی کی ذمہ داری کوکٹ پلی ڈی سی پی ریتوراج کو سونپی گئی۔

DESK

CM – Informal Interaction...

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے ساتھ چلنے کی اپیل کا خیر مقدم کرتے ہیں۔انہوں نے آج میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کل حیدرآباد میں منعقدہ وزیراعظم کے سرکاری پروگرام میں انہوں نے شرکت کی تھی اور مودی کی اپیل میں کوئی سیاسی پہلو نہیں تھا۔انہوں نے واضح کیا کہ ترقی اور فلاحی کاموں میں مرکز کے ساتھ مل کر کام کرنے پر انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔وکست بھارت اور وژن 2047 کے اہداف کے حصول اور 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لیے مرکز کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کی بات کہی۔انہوں نے کہا کہ مرکز اور ریاستوں کو باہمی تعاون کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔پارٹیوں اور نظریات میں اختلاف کے باوجود ترقی کے لیے مل کر کام کرنے پر زور دیا۔

Desk

Education Week Celebrations...

ریاستی حکومت عوامی حکمرانی،ترقی منصوبہ پروگرام کے تحت آج سے 17 تاریخ تک تعلیمی ہفتہ تقاریب منعقد کر رہی ہے۔اب سے کچھ ہی دیر بعد ایل بی اسٹیڈیم میں منعقد خصوصی تقریب میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی تعلیمی ہفتہ تقاریب کا افتتاح کریں گے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھنے کے ساتھ افتتاحی تقاریب بھی انجام دیں گے۔حکومت کی جانب سے تعلیمی شعبے میں کیے جا رہے ترقیاتی اقدامات،نئی اختراعات اور طلبہ کی صلاحیتوں کی نمائش کے لیے جلسہ گاہ میں خصوصی اسٹالز قائم کئے گئے ہیں۔افتتاحی تقریب میں نائب وزیراعلیٰ،وزراء اور دیگر اہم شخصیات بھی شرکت کریں گے۔

Dest

Jagtial... Minister Adluri Laxman...

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے کہا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں بہتر بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ جگتیال ضلع کے ویلگٹور منڈل کے کوماراپلی ماڈل اسکول میں منعقدہ سمر کیمپ کا افتتاح وزیر نے ضلع تعلیمی افسر راموکے ساتھ کیا۔ اس موقع پر وزیر نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ سمر کیمپوں سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے تعلیم کے ساتھ دیگر شعبوں میں بھی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ غریب طلبہ کو کارپوریٹ سطح کی تعلیم فراہم کرنے کے مقصد سے ہر حلقہ اسمبلی میں ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ اسکولس قائم کیے جارہے ہیں۔

PTC

Kamareddy – Shabbir Ali

تلنگانہ حکومت کے سرکاری مشیر محمد علی شبیر نے کہا ہے کہ غریب عوام کی فلاح و بہبود ہی حکومت کا بنیادی مقصد ہے اور اسی لیے مختلف فلاحی اسکیمیں نافذ کی جارہی ہیں۔ کاماریڈی اسمبلی حلقہ کے بکنور منڈل کے رامیشورم پلی گاؤں میں منعقدہ اندراماں گھر بھرونی پروگرام میں وہ مہمانِ خصوصی کے طور پر شریک ہوئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شبیر علی نے کہا کہ جن غریب خاندانوں کے پاس اپنا گھر نہیں ہے انہیں باعزت زندگی فراہم کرنے کے مقصد سے حکومت اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کو ترجیحی بنیادوں پر نافذ کررہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہر اسمبلی حلقے کے لیے 3,500 مکانات منظور کیے گئے ہیں اور یہ حقیقی و مستحق غریبوں کو فراہم کیے جارہے ہیں۔ حکومت ہر غریب خاندان کو رہائش، تعلیم، طبی سہولیات اور روزگار جیسی بنیادی ضروریات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

PTC, Kamareddy

## Tummala Reviews Kharif Fertilizer Situation

ریاستی وزیر تو ملا ناگیشور راؤ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ ریاست بھر میں خریف سیزن کے دوران کھاد کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے، اس کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے زراعت اور مارکیٹنگ محکمہ کے افسران کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ وزیر نے روایتی یوریا کے متبادل کے طور پر نینو یوریا کے استعمال کو فروغ دینے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ زرعی پیداوار کی مارکیٹنگ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے مقصد سے کوہیڈا انٹیگریٹڈ مارکیٹ کی تعمیراتی سرگرمیاں آخری مرحلے میں پہنچ چکی ہیں۔وزیر کے مطابق پہلے مرحلے کے تعمیراتی کام مقررہ مدت میں مکمل کرکے رواں سال 9 دسمبر تک اس مارکیٹ کو کسانوں کے لیے دستیاب کر دیا جائے گا۔

Desk

## Nagar Kurnool – Jupally

محکمہ سیاحت کے وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے واضح کیا ہے کہ کسان کی پیدا کردہ ہر دانے کو مناسب قیمت فراہم کر کے کسانوں کی فلاح و بہبود کا تحفظ کرنا عوامی حکومت کا مقصد ہے۔یاسنگی سیزن سے متعلق دھان اور مکئی کی خریداری کے معاملات پر وزیر نے ناگر کرنول ایم ایل اے ڈاکٹر کے راجیش ریڈی اور کلواکرتی ایم ایل اے کاسی ریڈی نارائن ریڈی کے ساتھ ضلع مرکز ناگر کرنول میں جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر وزیر نے کہا کہ کسان، خریدار اور رائس مل مالکان باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں اور کہیں بھی شفافیت کی کمی نہیں ہونی چاہیے۔حکومت کسانوں کی محنت کا مناسب معاوضہ دلانے کے لیے تمام اقدامات کر رہی ہے۔

PTC

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی صدر این رام چندر راؤ نے بنڈی بھگیر تھ کے خلاف درج کیس کے معاملے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اس تنازع سے بی جے پی کا کوئی تعلق نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ قانون کے سامنے سب برابر ہیں اوراس معاملے میں قانون اپنا کام خود کرے گا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اصل میں کیا ہوا،اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئے تبھی حقائق منظر عام پرآ جائیں گے۔

Desk

Weather Update

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں آج اورکل ہلکی سے درمیانی درجہ کی بارش ہونے کا امکان ہے جبکہ آئندہ دو دنوں تک خشک موسم رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چار دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں بتدریج دو سے چار ڈگری تک اضافہ ہوسکتا ہے۔مزید بتایا گیا کہ آج صبح جنوب مغربی خلیج بنگال میں کم دباؤ کا علاقہ تشکیل پایا ہے، جو آئندہ 48 گھنٹوں میں مزید مضبوط ہونے کا امکان ہے۔

Desk

Sircilla Summer Camps

ضلع کلکٹر سرسلہگر یما اگروال نے کہا ہے کہ طلبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اوران کی قابلیت کو فروغ دینے کے لیے سمر کیمپس منعقد کیے جارہے ہیں۔انہوں نے طلبہ سے اپیل کی کہ حکومت کی جانب سے منعقد کیے جارہے ان سمر کیمپس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔سری سیلا کے ضلع پریشد ہائی اسکول میں ضلع کلکٹر نے سمر کیمپ کا افتتاح کیا۔

PTC, Sircilla

○○